Music By Shanker Jaikishan

شری رنگم کا پیش کردہ

कठ पुतली

161

کٹھ پتلی

اداکاران:
ویجنتی مالا - بلراج ساہنی
اور [illegible]ن

قیمت ۱ر

...زن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری

کٹھ پتلی زندگی کے بیچ یہ ناچتی ہوئی ایک جیتی جاگتی کٹھ پتلی کی کہانی ہے

ایک دن جب پشپا نے اپنی بستی میں کٹھ پتلی کا ناچ دیکھا تو اس کے دل میں کٹھ پتلی بننے کا شوق جاگ اٹھا، اس نادان لڑکی کا خیال تھا کہ کٹھ پتلی ایک عجیب چیز ہے جس کی زندگی میں کوئی فکر نہیں، کوئی غم نہیں، اس کا جی چاہا کہ وہ بھی کسی طرح کٹھ پتلی بن جائے۔ اور ایک دن وہ سچ مچ کٹھ پتلی بن گئی۔ جیتی جاگتی کٹھ پتلی۔ جس کی ڈوری ایک ان دیکھے ہاتھ میں تھی آگے پردہ پر دیکھیں۔

گانے کٹھ پتلی کے

گانا نمبر ۱

بول ری کٹھ پتلی، ڈوری کون سنگ باندھی
سچ بتلا تو ناچے کس کے لئے
باوری کٹھ پتلی، ڈوری پیا سنگ باندھی
میں ناچوں اپنے پیا کے لئے
جہاں جدھر ساجن لے جائیں
سنگ چلوں میں چھایا سی
وہ ہیں میرے جادوگر
میں جادوگر کی مایا سی
جان بوجھ کر چھیڑ کے مجھ سے پوچھے یہ سنسار
بول ری کٹھ پتلی...

پیا نہ ہوتے ہم نہ ہوتی
جیون راگ سُناتا کون
پیار بھرے گیتوں کی دھن پر
دِل کا ساز بجاتا کون
دور دور جس چمن سے گذرے، گاتی جائے بہار
بول ری کٹھ پتلی....

گانا نمبر ۲

منزل وہی ہے پیار کی، راہی بدل گئے
سپنوں کی محفل میں ہم تم نئے
دُنیا کی نظروں سے دور جانتے ہیں ہم تم جہاں
اس دیش کی چاندنی گائیگی یہ داستاں
موسم تھا وہ بہار کا دِل تھے مچل گئے
چُھپ نہ سکے میرے راز نغموں میں ڈھلنے لگے
روکا تھا پھر بھی یہ دِل پہلو بدلنے لگے
یہ دِن ہی کچھ عجیب تھے جو آج کل گئے

گانا نمبر ۳

اتنے بڑے جہان میں اے دِل تجھ کو اکیلا چھوڑوں کیسے
تو نادان لوگ بیگانے
ان سنگ ناتا جوڑوں کیسے
مت جا رے ان انجانی گلیوں سے
بچ کے رہے دُنیا والے چھیلوں سے
تو ایک جان ہزاروں شکاری لاکھوں

ان کا نشانہ توڑوں کیسے

مست اَلبیلی اگر کانٹوں میں پھول بھی ہے
پوچھ کسی سے دل کا لگانا بھول بھی ہے
ڈھل جائے رات بکھر جائیں سپنے
پھر سے انہیں میں جوڑوں کیسے
ہائے نہ مانا ظالم غیر کا ہو ہی گیا
ہار کے سب کچھ میں ہوں کھڑی دل کھو ہی گیا
جاتا ہے تو جا دیوانے
اب میں تیرا جی توڑوں کیسے

گانا نمبر ۷

سو جا رے سو جا میرے راج دُلارے سو جا
تارے بھی سو گئے دھرتی کے ستارے سو جا
آئی سپنوں کی پری مجھ کو بہلانے کے لئے
لائی چندا کا منڈولا وہ سلانے کے لئے
آسمانوں سے کرے نیند اشارے سو جا
گود میں لیں گی تجھے روپ نگر کی راہیں
آنکھ کھلتے ہی ملیں گی تجھے ماں کی بانہیں
نورِ آنکھوں کے میرے دل کے سہارے سو جا

گانا نمبر ۸

مینی مینی چی چی مینی - مینی چی چی مینی مینی
چی چی مینی چی چی
دُنیا میں چاند سورج ہیں کتنے حسین کتنے حسین

اِتنا ہی سُن میرے بھیّا
دِل کو نبھائے روپیّا
روپیوں کا چشمہ چڑھا دو
یہ دُنیا دِکھے گی رنگیلی
سارے نشے اِس کے نوکر ہیں
یہ چیز ایسی نشیلی
ہر جم جم اسی کی، چھم چھم اسی کی
گائے اسی کو گویا
سپنوں سی رنگین راتیں
جیسے کہ آئی دیوالی
کل کا بھلا کیا بھروسہ، رہیں گے مالک یا مالی
ہنسا کے رُلائے، رُلا کے ہنسائے یہی زندگی کا رَوَیا
بنی ٹھنی...

گانا نمبر ۶
لتا —
باکڑ بم بم بم بم باجے ڈمرو
ناچ رے مور جھن جھنکے گھنگھرو
آسماں پہ آج دیکھو سات رنگ چھائے
اپنے دِل میں آگ لیکے بادل کارے آئے
بادل گرجے میگھ برسے، جھولا اور ساون لہرائے
بج رہا ہے ڈار ڈار جھینگروں کا شور
آگئی ہے پیار کے اُن سہانی بھور
کھنورا جھومے، پھول لوٹے باندھے پریت کی ڈور

گانا نمبر ۵

ہائے تو ہی گیا موہے بھول رے
میں ہوں تیرے جیون کی راگنی
تیرے نغمے تارے بن کر
چمکے سب کے پیارے بن کر
پھر سے ایسا راگ سنا رے
جھوم اٹھیں یہ غم کے مارے

گانا نمبر ۶

بول ری کٹھ پتلی، ڈوری کون سنگ باندھی
سچ بتلا تو ناچے کس کیلئے
بول ری کٹھ پتلی، ڈوری پیا سنگ باندھی
میں ناچوں اپنے پیا کیلئے
نئے نام، نئے روپ دھر، میں آئی، میں چلی گئی
لیکن میں نے دھوم مچادی، جس نگری جس گلی گئی
چھوڑ کے جگ تاروں میں پہنچی وہاں بھی یہی پکار
بول ری.....
میٹھی یادیں، سندر سپنے، کچھ میٹھے یہ لگ جنہیں
ان کا ہی یہ گیت بنا کر، میرے دل نے دیا تمہیں
کٹھ پتلی کا کھیل یہ دنیا، نور بھرا اس پار
بول ری کٹھ پتلی...

ختم شد

عملیات نسخہ محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دِل کسی کافر جمال حسینہ کی زُلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمایئے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی غلط نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اُٹھایئے۔

قیمت صرف ۔/۸/۱ محصولڈاک معاف

اندرجال

جادو کی وہ مشہور کتاب ہے۔ جس کے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف ۔/۸/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سینڈوولی

کیا آپ اپنے آپکو کمزور محسوس کرتے ہیں۔ دست صاف نہیں آتا، قبض بنی رہتی ہے۔ اچھے سے اچھا کھانے پر بھی تندرستی خراب ہوتی جارہی ہے۔ کیا یا ہوا دودھ گھی یا طاقت کی دوائیں آپکو کوئی فائدہ نہیں پہنچائیں۔ بلکہ الٹی کمزوری آتی ہے۔ یا آپکا کسی کام میں دل نہیں لگتا۔ یادداشت خراب ہو گئی ہے۔ ذرا سی محنت کرنے میں سانس پھولنے لگتی ہے۔ دن رات پڑے رہنے کو جی چاہتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے کالے دھبے پڑ گئے ہیں۔ اور آپ کسی بھی ذمہ داری کے کام سے جی چرانے لگے ہیں۔ چکر دربا گھبراہٹ رہتی ہے۔ کمر پنڈلی اور سر میں درد رہتا ہے۔ جسم میں خون کا بننا بند ہو گیا ہے۔ یا اسی طرح کی اور تکلیف ہو تو علاج میں دیر کرنا خطرناک ہے۔ آپ آج ہی سینڈوولی منگائیں۔ اس سے آپکی تکلیفیں جلد دور ہو جائیں گی۔ اگر پورا کورس استعمال کرنے پر بھی فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس کرنے کی گارنٹی کا فارم ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

قیمت ۱ شیشی ۱۵ دن کا کورس ۳|۲|-

" ۲ " ۳۰ " " " ۵/-/-

" ۳ " ۴۵ دن کا پورا کورس ۷/-/-

محصول ڈاک معاف

نریندر اینڈ کمپنی کنجس سریٹ ویہ کٹلال دہلی